پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) انٹی گریٹیڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام	دسمبر 2023

B.Ed Regular : Integrated Teacher Education Programme (ITEP)

پرچہ : ترسیلی اردو

Paper - BEIT102AEC : Communicative Urdu

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : **وقت** : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) زبان کی کل کتنی اقسام ہیں؟

(a) 1　(b) 2　(c) 3　(d) 4

(ii) ذیل میں سے آئین کی کس دفعہ کا تعلق زبان سے ہے؟

(a) 327-325　(b) 347-345　(c) 367-365　(d) 387-385

(iii) بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟

(a) مولوی نذیر احمد　(b) میراں جی　(c) مولانا حالی　(d) مولوی عبدالحق

(iv) اردو زبان کی کل کتنی بنیادی مہارتیں ہیں؟

(a) 2　(b) 4　(c) 8　(d) 10

(v) درج ذیل میں سے کون ترسیلی سائیکل میں شامل نہیں ہے؟

(a) بھیجنے والا (سینڈر)　(b) پیغام (مسیج)　(c) موصل کرنے والا (ریسور)　(d) ڈاکیہ (پوسٹ مین)

(vi) کتاب ''اردو کی کہانی'' کس طرح کی کتاب ہے؟

(a) سیاسی کتاب　(b) لسانی　(c) کہانی کی کتاب　(d) تاریخی کتاب

(vii) ’قلم‘ کیا ہے؟

(a) مذکر (b) مونث (c) صفت (d) ضمیر

(viii) بلند خوانی‘ خاموش خوانی‘ سرسری مطالعہ ان سب کا تعلق درج ذیل میں سے کس سے ہے؟

(a) سننے سے (b) بولنے سے (c) پڑھنے سے (d) لکھنے سے

(ix) ’ کلاس نوٹس‘ کا شمار کس طرح کی تحریر میں ہوتا ہے؟

(a) رسمی (b) غیر رسمی (c) تاثراتی (d) علمی

(x) درج ذیل میں سے کس کا تعلق لکھنے کی مہارت کے فروغ سے نہیں ہے؟

(a) مضمون نویسی (b) رپورٹ رائٹنگ (c) تعارف کی پیش کشی (d) تاثراتی تحریر

حصہ دوم

-2 زبان کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

-3 قومی یکجہتی میں اردو زبان کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

-4 اسم کی تعریف اور اس کے اقسام بیان کیجیے۔

-5 جذباتی اور غیر جذباتی لہجہ پر مثالوں کے ساتھ مختصر نوٹ لکھیے۔

-6 اچھے سامع کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

-7 گفتگو کی مہارت کے فروغ میں مکالمے کی اہمیت بیان کیجیے۔

-8 پڑھنے کی مہارت کے فروغ میں اخبار کے کردار کو بیان کیجیے۔

-9 لکھنے کی صلاحیت کو کس طرح سے فروغ دیا جاسکتا ہے؟

حصہ سوم

-10 عالمی سطح پر اردو زبان و ادب کی اہمیت پر بحث کیجیے۔

-11 ترسیل میں درپیش رکاوٹیں اور ترسیل پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر تفصیل سے لکھیے۔

-12 قواعد کی تعریف کریں اور سابقے اور لاحقے سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

-13 موثر سماعت کی حکمت عملیوں پر روشنی ڈالیے۔

-14 لکھنے کی صلاحیت کو کس طرح سے فروغ دیا جاسکتا ہے؟

☆☆☆